شیخ زید میڈیکل کالج و ہسپتال رحیم یار خان

ٹینڈر فارم نمبر_____ فرم کا نام_____

شرائط وضوابط برائے Running/Rate کنٹریکٹ Dental Material برائے سال 2011-12

1۔ میعاد ٹھیکہ 2011-07-01 تا 2012-06-30 تک ہوگا۔ جو مزید تین ماہ تک بڑھایا جا سکتا ہے۔

2۔ ٹینڈر فارم کے ہمراہ مبلغ -/20000 روپے کی کال ڈیپازٹ لگانا ضروری ہے۔

3۔ سیل ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ ساتھ لگائیں۔

4۔ ٹینڈر بھرنے والا پورا سال Dental Material, سپلائی کرنے کا پابند ہوگا۔

5۔ ریٹ F.O.R. کے علاوہ CI &F میں بھی دے سکتے ہیں۔ اور PPRA کے مطابق ہوں گے۔

6۔ زیر دستخطی کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی بھی وقت کسی بھی اشیاء کو چیک کر سکتا ہے۔ اور ٹھیکیدار اس چیز کا پابند ہوگا۔ کہ وہ کسی ناپسند چیز کو تبدیل کرے۔

7۔ سپلائی آرڈر کے مطابق اشیاء اگر ٹھیکیدار یا اس کا نمائندہ سپلائی نہ کر سکا تو مذکورہ اشیاء رسک و کاسٹ پر زیر دستخطی خرید کرنے کا مجاز ہے اور ٹھیکیدار رسک و کاسٹ پر خریدی گئی اشیاء کے ریٹ پر اعتراض کرنے کا مجاز نہیں ہے اور یہ رقم ٹھیکیدار کے ماہانہ بل سے یا جمع شدہ کال ڈیپازٹ سے کاٹ لی جائے گی۔

8۔ کمیٹی کو اختیار ہے کہ وہ بغیر وجہ بتائے ٹینڈر منسوخ کر دے۔ اسکا فیصلہ آخری اور حتمی ہوگا جو کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا۔

09- اہم دستاویزات ٹینڈر کے ساتھ منسلک کرنے ہوں گے۔ بصورت دیگر ٹینڈر مسترد کر دیئے جائیں گے۔

10۔ ٹینڈر دہندہ -/100 روپے کے اسٹامپ پر اس امر کا بیان حلفی داخل کرائے گا کہ وہ زشرائط وضوابط برائے ٹینڈر کی پابندی کرے گا مزید یہ کہ ٹینڈر دہندہ یا اس کا حصہ دار اچھے چال چلن کا حامل ہے اور بلیک لسٹ نہ ہیں۔ اور نہ کسی ایسے فرم کا حصہ دار ہے جو بلیک لسٹ ہو چکی ہے۔

11۔ ٹینڈر دہندہ کے بل سے انکم ٹیکس و سیلز ٹیکس بمطابق گورنمنٹ قانون سے انکم ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

12۔ ٹینڈر دہندہ پرچیز مینول پیرا 38 کے مطابق سرٹیفکیٹ دینے کا پابند ہوگا۔

13۔ مندرجہ بالا شرائط کی ایک کاپی ٹینڈر دہندہ کو فراہم کی جائے گی۔ جو اس کو اچھی طرح پڑھ کر اور سمجھ کر اپنے دستخط کر کے ٹینڈر کے ساتھ دفتر میں جمع کرنی ہوگی۔

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ

شیخ زید ہسپتال رحیم یار خان

میں تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے مندرجہ بالا تمام شرائط پڑھ لیں ہیں مجھے منظور ہیں اور میں ان پر کاربند رہوں گا۔

1۔ نام و دستخط ٹینڈر دہندہ .....

2۔ ایڈریس .....

3- فون نمبر_____فیکس نمبر_____

نوٹ:۔ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی ساتھ لگائیں۔